## سانحہ شیر شاہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے لواحقین کو فی الفور معاوضہ ادا کیا جائے، الطاف حسین

## دکانداروں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے صوبائی حکومت فوری طور پر عملی اقدامات کرے

## سانحہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے گی، رحمان ملک

لندن۔۔۔28 اکتوبر 2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے آج ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو ٹیلی فون کر کے سانحہ شیر شاہ پر تفصیلی گفتگو کی جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک کو بتایا کہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ کے دکانداروں کو اس سانحہ کے بعد سے اس سانحہ میں ملوث افراد ٹیلی فون پر مسلسل دھمکیاں دے رہے ہیں کہ اگر انہوں نے اپنی دوکانوں کو دوبارہ کھولا تو ان کا انجام بھی ہلاک ہونے والوں کی طرح ہوگا۔جبکہ اس سانحہ کے بعد دکانداروں کے گھروں پر دکانوں کی بندش کی وجہ سے فاقے ہو رہے ہیں اور ان کے گھروں میں کسمپرسی کا عالم ہے لہٰذا سانحہ شیر شاہ کے دکانداروں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے صوبائی حکومت فوری طور پر عملی اقدامات کرے اور سانحہ شیر شاہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے لواحقین کو فی الفور معاوضہ ادا کیا جائے اور زخمی ہونے والے افراد کا سرکاری سطح پر علاج کروایا جائے اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ خود کراچی جا کر سانحہ شیر شاہ کے متاثرین سے بالمشافہ ملاقات کر کے تمام تر حالات معلوم کریں گے اور آج ہی اس ضمن میں کراچی کی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کو فوری ہدایت جاری کریں گے کہ پولیس اور رینجرز کو شیر شاہ مارکیٹ میں فوری تعینات کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ کراچی کے حالات کو پرامن بنانے اور کشیدہ صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لئے متحدہ قومی موومنٹ نے جو تعاون کیا ہے وہ قابل ستائش ہے پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کراچی کے حالات کو بہتر بنانے کے آئندہ بھی مل جل کر اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ سانحہ شیر شاہ میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کو فوری معاوضہ ادا کیا جائے گا اور اس سانحہ میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

## سندھ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین واضح اکثریت سے کامیاب

## بلا امتیاز رنگ و نسل خدمت ہی ایم کیوایم کا نصب العین ہے، رابطہ کمیٹی

## ایس جی پی پی کے ریفرنڈم میں کامیابی کی خوشی میں نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔28 اکتوبر 2010ء

جمعرات کے روز سندھ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس میں سوداگراں یونین کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ محنت کش ورکرز یونین واضح اکثریت سے کامیاب ہوگئی۔کامیابی کی خوشی میں عہدیداران کی جانب سے محنت کشوں کی بڑی ریلی نکالی گئی جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی نائن زیرو پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں جبکہ بعض شرکاء نے شاندار فتح کی خوشی میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد پہنچنے پر ریلی کے شرکاء کا ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، اشفاق منگی کے علاوہ ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وارا کین نے پرتپاک استقبال کیا اور ریفرنڈم میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر تمام عہدیداران و کارکنان کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اشفاق منگی اور کنور خالد یونس نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ محنت کش طبقے کو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی قرار دیا ہے اور ان کے مسائل کے حل پر توجہ دی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم شروع دن سے محنت کشوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بلا امتیاز رنگ و نسل کوشاں ہے۔انہوں نے فاتح یونین کے عہدیداران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب ان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، ادارے کے محنت کشوں نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس میں انہیں نہ صرف پورا اترنا ہے بلکہ مخالفین کے مسائل بھی حل کر کے ثابت کرنا ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے پر عمل پیرا ہیں اور بلا امتیاز رنگ و نسل خدمت کا جذبہ لیکر کامیاب ہوئے ہیں۔انہوں نے تمام عہدیداران سمیت ادارے کے ایک ایک کارکن کو اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر فاتح یونین کی ریلی کے شرکاء نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو یقین دلایا کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے پر مکمل طور پر عمل پیرا ہیں اور آئندہ ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کو مزید بھاری اکثریت سے کامیاب کرانے کا عزم رکھتے ہیں۔

## خدمت کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے محترمہ ذکیہ زبیری، ڈاکٹر سلیم دانش اور زبیر احمد کا سانگھڑ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اور سن چیئریٹی کے تحت تعریفی اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

سانگھڑ۔۔۔28 اکتوبر 2010ء

پاکستان میں فلاحی کاموں میں سرگرم متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فار انویل اینڈ نیڈی (سن) چیرٹی یو کے کے زیر اہتمام اندرون سندھ کے شہر سانگھڑ میں حالیہ سیلاب متاثرین کی بھرپور مدد کرنے اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے KKF اور SUN کے رضا کاروں میں انعامات تقسیم کرنے کی اعزازی تقریب منعقد کی گئی جس میں سن کی ٹرسٹیز ذکیہ زبیری، ڈاکٹر سلیم دانش، سن ٹرسٹی کے ایگزیکیٹو رکن منشاء خان، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج فرید احمد و دیگر نے خطاب کیا۔ اعزازی تقریب میں سانگھڑ زون کے زونل انچارج و اراکین زونل کمیٹی، سیکٹرز و یونٹ کمیٹیوں کے انچارجز و اراکین، کارکنان، شعبہ خواتین اور معززین شہر، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور صحافیوں کے علاوہ عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے محترمہ ذکیہ زبیری، ڈاکٹر سلیم دانش اور دیگر مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے کے تحت ایم کیو ایم کا بین الاقوامی ادارہ سن چیرٹی نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ممالک میں فلاحی کام جاری رکھا ہوا ہے، سن چیئریٹی برطانیہ، امریکہ، کینڈا، عرب امارات اور ساؤتھ افریقہ میں کام کر رہی ہے جس کے تحت پاکستان میں حالیہ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے اشیائے خورد و نوش، جان بچانے والی قیمتی ادویات، خیمے، ملبوسات، کمبل، کارپیٹس اور دیگر ضروری اشیاء کے علاوہ بھاری مقدار میں نقد رقوم جمع کر کے پاکستان میں سیلاب زدگان کی مدد کیلئے پہنچایا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے دکھی انسانیت کی خدمت ہی اولین عبادت ہے ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے اس مقصد کیلئے نہ صرف پاکستان میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی فلاحی کاموں کو فروغ دینے کیلئے سن چیئریٹی کا قیام عمل میں لائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور سن چیرٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن ''اختیار سب کیلئے'' کے مطابق عملاً کام کیا ہے اور کراچی میں سن اکیڈمی کے نام سے ایک ایسے اعلیٰ تعلیمی ادارے کا آغاز کیا ہے جس میں نہ صرف اعلیٰ تعلیم مفت دی جاتی ہے بلکہ زیر تعلیم طلباء و طالبات کیلئے پینے کا صاف پانی، دوپہر کا کھانا، دودھ، ٹرانسپورٹ یونیفارم، کتب جیسی سہولیات بھی مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے کا معیار تعلیم اتنا اعلیٰ ہے کہ اس کا مقابلہ کسی بھی یورپی ملک کے اسکول سے اس کا موازنہ کیا جاسکتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور سن چیئریٹی کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بہترین خدمات انجام دینے والے یونٹوں ہتھنگو کھپرو سیکٹر، یونٹ 3 B، شہداد پور سیکٹر، یونٹ 5 A ٹنڈو آدم، یونٹ سنجھورو، یونٹ شاہ پور چاکر اور مخیّر حضرات رانا عبدالستار، حاجی عبدالقیوم، ملک مہدی، مشتاق احمد شیخ، محمد اقبال قائمخانی، محمد حیات شیخ اور موھن داس میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کی گئی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔

## کراچی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔28 اکتوبر 2010ء

حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی میں جاری طویل دورانیہ کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور اس سلسلے میں کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی بے حسی اور نا اہلی پر شدید غم و غصہ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ کراچی پاکستان کا معاشی و صنعتی حب ہے جہاں جاری بجلی کی غیر علانیہ لوڈ شیڈنگ نے نہ صرف صنعتی ترقی کا پہیہ جام کر دیا ہے اور بڑی بڑی صنعتیں تباہی کے دہانے پر پہنچ کر بند ہو رہی ہے بلکہ اس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات و پریشانیوں کا سامنا ہے اور وہ سراپا احتجاج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب شہر میں گیس و تیل کی سپلائی کو جواز بنا کر غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ دوسری جانب نہ صرف کراچی کے شہریوں پر بجلی کی قیمتوں میں کئی گناہ اضافہ کا بوجھ ڈالا جا رہا ہے بلکہ اوور بلنگ کے ذریعے تنگ بھی کیا جا رہا ہے جس کے باعث کراچی کے غریب عوام جینے کے حق سے بھی محروم ہو گئے ہیں اور صارفین بجلی کے بھاری بل جمع کروا کر انتہائی کسمپرسی اور فاقہ کشی کی زندگی گذارنے مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی اپنی نا اہلی و ناکامی چھپانے کیلئے گیس یا تیل کی فراہمی کے اداروں سے مالی تنازع کا جواز پیش کر رہی ہے جو غیر منطقی اور بلا جواز ہے اس سے کراچی کے شہریوں کا کوئی تعلق نہیں کراچی کے شہری نہ صرف بجلی کے بل پابندی سے ادا کرتے ہیں بلکہ تمام واجب الادا ٹیکس بھی دیتے ہیں اس کے باوجود کراچی کے شہری دس دس گھنٹوں تک بجلی سے محروم رہتے ہیں جس کے باعث نہ صرف شہریوں بلکہ تاجر برادری بھی سخت اذیت اور پریشانی کا شکار ہے اور ان کے معمولات زندگی بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں جبکہ تجارتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اور انہیں نا قابل تلافی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے اس امر پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا کہ پیپکو کے مطابق ملک بھر سے لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کر دیا

گیا ہے پھر نہ جانے کیوں کراچی کے شہریوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے جو کراچی کے شہریوں کیلئے ناقابل برداشت ہے۔اراکین قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سے بھی ملک بھر کی طرح لوڈشیڈنگ کا فوری طور پر خاتمہ کیا جائے اورشہریوں کوبھی اس عذاب سے فوری طور پرنجات دلائی جائے بصورت دیگر شہری سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جسے روکنا کسی کیلئے بھی ممکن نہیں ہوگا۔

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔28اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کیماڑی سیکٹر یونٹ یوسی 2 سلطانہ آباد کے کارکنان ثناءاللہ اورامان اللہ کے والدعبدالرحمٰن اورملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکنان توفیق احمد صدیقی اور راشد احمد صدیقی کے بھائی محمد واثف صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے سوگوار کارکنان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆